11492-کیامقروض بھائی کی زکاۃ کے ساتھ مدد کرسکتا ہے

سوال

میرا بھائی ملازم ہے، اوراسے تنخواہ بھی ملتی ہے، لیکن وہ بہت زیادہ مقروض ہے جس کی ادائیگی ضروری ہے، توکیا میں اپنے مال کی زکاۃ بھائی کو دے سکتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ کا بھائی مقروض ہے، اوراس کی تنخواہ سے اس کی معاشی ضروریات پوری نہیں ہوتی اوروہ قرض ادا نہیں کرسکتا، اوروہ نمازی بھی ہے اورمال کواللہ تعالی کی ناراضگی والے کاموں میں صرف نہیں کرتا تواسے زکاۃ دینے میں کوئی حرج نہیں.

الشیخ سعد الحمید.

کیونکہ وہ مصارف زکاۃ میں شامل ہے، جواللہ تعالی نے بیان کرتے ہوئے فرمایا :

{اور مقروض کا قرضہ ادا کرنے میں}.

اوراگراس کا یہ قرضہ کسی حرام کام مثلا سود، یا جوااورقماربازی کے ارتکاب کے نتیجہ میں ہے توپھر یہ قرض اس وقت تک ادا نہیں کیا جاسکتا جب تک وہ اس سے توبہ نہیں کرلیتا.

واللہ اعلم .